**URDU, PAPER-II** **PRESS COPY**

Max. Marks: 100 Time Allowed: 03 hours

| Serial Number of Question | | Marks Alloted |
|---|---|---|
| سوال1: | درج ذیل اجزاء میں سے ایک جزو کے اشعار کی تشریح کریں، شاعر کا نام بھی لکھیں اور پہلے جزو کی صورت میں نظم کا عنوان بھی دیں۔ | (20) |

(ا)

زندگانی کی حقیقت کوہکن کے دل سے پوچھ
جُوئے شیر و تیشہ و سنگِ گراں ہے زندگی
بندگی میں گھٹ کے رہ جاتی ہے اک جوئے کم آب
اور آزادی میں بحرِ بے کراں ہے زندگی
آشکارا ہے یہ اپنی قوتِ تسخیر سے
گرچہ اک مٹی کے پیکر میں نہاں ہے زندگی

ب)

یوں تو ہر شخص اکیلا ہے بھری دنیا میں
پھر بھی ہر دل کے مقدر میں نہیں تنہائی
اب تو خوش ہو جائیں اربابِ ہوس
جیسے وہ تھے ہم بھی ویسے ہو گئے

---

ہم سادہ ہی ایسے تھے، کی یوں ہی پذیرائی
جس بار خزاں آئی، سمجھے کہ بہار آئی
آشوبِ نظر سے کی ہم نے چمن آرائی
جو شے بھی نظر آئی، گل رنگ نظر آئی

| | | |
|---|---|---|
| سوال2: | حوالہ متن اور سیاق و سباق کے ساتھ کسی ایک اقتباسِ نثر کی تشریح کیجئے۔ | (20) |

ا) اور بشکو نے جیسے کائنات کے سب سے بڑے حادثے کی اطلاع دی:
'کسی نے آپ کے لارنس کی گردن مروڑ کر پھینک دی ہے۔ لارنس مرا پڑا ہے۔'
خدا بخش کو جیسے سکتہ ہو گیا۔ ایک خاصے طویل وقفے کے بعد وہ بولا۔ 'رنگی کو یہاں لے آؤ۔'
بشکو واپس بھاگا تو میں خدا بخش سے پوچھا۔ 'رنگی کو بلانے کا کیا مطلب ہے؟'
'ہے ایک مطلب۔' خدا بخش بولا۔ حادثہ شدید تھا اس لئے میں خاموش رہا۔
فوراً بعد بشکو آیا۔ 'رنگی تو منہ اندھیرے ہی چلی گئی چھوٹے ملک۔'

ب) ''ایک مرتبہ حیاتِ جاوید پڑھنے کے بعد فرمایا کہ جو لوگ تذکرو تانیث اور دلی لکھنو کی زبان کے متعلق دور از کار اور فضول بحثوں اور جھگڑوں میں پڑے ہوئے ہیں وہ بڑی غلطی پر ہیں۔ جب ہماری زبان میں ایسی کتاب موجود ہے جو ہادی و رہبر کا کام دے سکتی ہے تو پھر ان لاطائل بحثوں میں پڑنا محض تضیعِ اوقات ہے۔ زبان دلی اور لکھنو کی تابع نہیں ~~ہے~~ بلکہ خیالات کی تابع ہے۔ جن لوگوں کے خیالات رکیک ہیں اُن کی زبان کبھی صحیح نہیں ہو سکتی۔''

﴿حصہ دوم: مندرجہ ذیل پانچ سوالوں میں سے تین کا جواب لکھئے﴾

| | | |
|---|---|---|
| سوال3: | چودھری افضل حق کی کتاب زندگی کو ناول کی بجائے تمثیل کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت کیجئے۔ | (20) |
| سوال4: | راجہ گدھ کے کرداروں کا اس طرح سے جائزہ لیں کہ اس کا موضوع متعین ہو جائے۔ | (20) |
| سوال5: | اقبال کی نظموں کے ڈرامائی اجزا کی نشاندہی مثالوں سے کریں۔ | (20) |
| سوال6: | مجید امجد اور ناصر کاظمی کے تصوراتِ غم کا تقابل کریں۔ | (20) |
| سوال7: | غالب کے عاشق کی 'انا' اور 'خودداری' کی وضاحت مثالوں سے کریں۔ | (20) |

www.khyberpakhtunkhwapsc.gov.pk

CamScanner